2204E116

Candidate's Seat No :________

M.A Semester-2 Examination

411

Urdu (EA)

Time : 2-30 Hours]

April-2024

[Max. Marks : 70

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال: ۱ اردو ادب میں ڈرامے کی ابتداء اور ارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اُردو ڈرامے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

سوال: ۲ اردو میں ڈرامہ نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردو کے مقبول ڈرامہ نگاروں سے متعارف کیجئے۔

سوال: ۳ آغا حشر کے حالات بیان کرتے ہوئے ان کی ڈرامہ نگاری پر اظہارِ خیال کیجئے۔ ۱۴

(یا)

ڈرامہ ''انار کلی'' کے مدِ نظر امتیاز علی تاج کی ڈرامہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال: ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی دو(۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) رونق بنارسی کی ڈرامہ نگاری

(۲) محمد حسن اور ان کی ڈرامہ نگاری

(۳) امانت اور ان کا ڈرامہ ''اندر سبھا''

(۴) ڈراموں کے زوال کے اسباب

(۵) اُردو ڈرامے کی اقسام

سوال:۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات(۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) پروفیسر مسعود حسن رضوی کے مطابق اردو کا پہلا ڈرامہ کون سا ہے؟

(۲) کس ڈرامے کو اردو ڈرامے کا نقشِ اوّل کہا جاتا ہے؟

(۳) آغا حشر نے ''رستم سہراب'' ڈرامہ کس کمپنی کے لئے لکھا تھا؟

(P.T.O.)

(۴) ''کہرے کا چاند'' کے ڈرامہ نگار کون ہیں؟

(۵) ''اردو ڈرامے کی تاریخ اور تحقیق'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۶) ڈرامہ ''اندر سبھا'' کل کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

(۷) ڈرامہ ''امانت'' پہلی بار کس کا ادارے کی جانب سے پیش کیا گیا؟

(۸) آغا حشر کا ڈرامہ ''رستم سہراب'' کا مآخذ کیا ہے؟

(۹) لاہور کس ڈرامہ نگار کا مقتل ثابت ہوا؟

(۱۰) ''عجائبات پرستاں'' ڈرامے کے خالق کون ہیں؟

(۱۱) ''اس ڈرامے کا پلاٹ بتا رہا ہے کہ یہ کسی ''وکٹورین'' ڈرامے کا چربہ ہے۔'' یہ بات کس ڈرامے کے لئے کہی گئی ہے؟

(۱۲) آغا حشر کو ''اُردو کا مارلو (Marlow)'' کس نے کہا ہے؟

---ختم شد---